سُنہری کرنیں

مسلم خواتین کی اعلیٰ اقدار کے روشن تذکرے

تالیف

عبدالمالک مجاھد

دارُالسّلام

کتاب وسُنّت کی اشاعت کا عالمی اِدارہ

ریاض • جدہ • خبر • شارجہ
لاہور • لندن • ہیوسٹن • نیویارک

جُملہ حقوقِ اشاعت برائے دارالسلام پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز محفوظ ہیں۔
یہ کتاب یا اس کا کوئی حصہ کسی بھی شکل میں ادارے کی پیشگی اور تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔ نیز اس کتاب سے مدد لے کر سمعی و بصری کیسٹس اور سی ڈیز وغیرہ کی تیاری بھی غیر قانونی ہوگی۔

© مكتبة دارالسلام، ١٤٢٢ هـ

فهرسة مكتبة الملك فهد الوطنية أثناء النشر

مجاهد، عبدالمالك

الضوء الساطع النص باللغة الأردية. / عبدالمالك مجاهد -الرياض، ١٤٢٦هـ

ص: ٣٧٦، ١٤×٢١ سم

ردمك: ٥-٤٩-٧٣٢-٩٩٦٠

١ -المرأة في الإسلام أ- العنوان

ديوي ٢١٩,١ ١٤٢٦/١٩١٣

رقم الإيداع: ١٤٢٦/١٩١٣

ردمك: ٥-٤٩-٧٣٢-٩٩٦٠

نامِ کتاب : سُنہری کرنیں مصنّف : عبدالمالک مجاھد

منتظمِ اعلیٰ : عبدالمالک مجاھد

سعُودی عرب (ہیڈ آفس)

پوسٹ بکس :22743 الرّیاض :11416 سعودی عرب

فون :4033962-4043432 1 00966 فیکس :4021659

Website: http://www.dar-us-salam.com E-mail: riyadh@dar-us-salam.com

1 طریقِ مکہ۔العلیا۔الریاض فون :4614483 1 00966 فیکس :4644945 3 جدّہ فون :6879254 2 00966 فیکس :6336270

2 شارع الاربعین۔الملز۔الریاض فون :4735220 فیکس :4735221 4 الخبر فون :8692900 3 00966 فیکس :8691551

5 مدینہ منورہ موبائل: 0503417155

شارجہ فون :5632623 6 00971 فیکس :5632624 لندن فون :5202666 208 0044 فیکس :5217645 208

امریکہ 1 ہوسٹن فون :7220419 713 001 فیکس :7220431 2 نیویارک فون :6255925 718 001 فیکس :6251511

پاکستان (ہیڈ آفس و مرکزی شوروم)

1 36- لوئر مال، سیکرٹریٹ شاپ، لاہور فون :7110081-7111023-7232400-7240024 42 0092 فیکس :7354072

website: www.darussalampk.com e-mail: info@darussalampk.com

2 غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور فون :7120054 فیکس :7320703 3 مون مارکیٹ اقبال ٹاؤن۔لاہور فون :7846714

4 Z-110,111 (D.C.H.S) مین طارق روڈ (بالمقابل فری پورٹ شاپنگ مال) کراچی فون :4393936-21-0092 فیکس :4393937



انتساب

میں یہ کتاب اپنے پیارے والدین کرام جو اگرچہ اس دار فانی میں نہیں ہیں مگر ان کی محبتیں اور شفقتیں ہمہ وقت میرے ساتھ رہتی ہیں اور اپنی مونس وغمگسار رفیقۂ حیات حافظہ انیسہ فردوس، پرنسپل مدرسہ عفراء بنت عبید الانصاریہ، ریاض، جن کی حسین رفاقتوں میں روز و شب میرا حوصلہ بڑھتا ہے اور قرۃ العین عزیزہ حافظہ امامہ مجاہد اور ریحانۃ البیت عزیزہ حافظہ عفراء مجاہد کے نام معنون کرتا ہوں۔

عبدالمالک مجاہد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مؤلف

جب میں تاریخ کی کتابوں کا مطالعہ کر رہا تھا اور منتخب واقعات کو نشان زد کرتا جا رہا تھا تو میں نے محسوس کیا کہ ان میں خواتین سے متعلق واقعات کی کوئی کمی نہیں۔ چنانچہ میں نے اسی وقت طے کر لیا کہ ''سنہرے اوراق'' کے بعد دوسری کتاب ''سنہری کرنیں'' کے نام سے خواتین سے متعلق واقعات پر مشتمل ہونی چاہیے۔

اسلام نے خواتین کو جو مقام عطا کیا ہے اور انہیں جو اہمیت دی ہے اس کی مثال دنیا کا کوئی دوسرا مذہب دینے سے قاصر ہے۔ بھلا اور کس مذہب میں آپ کو ملے گا کہ ماں کے قدموں کے نیچے جنت ہے' اور کس مذہب کے رہنما آپ کو بتائیں گے کہ ہماری خدمت اور حسن سلوک کی سب سے زیادہ حقدار ہماری مائیں ہیں ...... اور حقیقت یہی ہے کہ شروع ہی سے ہماری نو زائیدہ نسلیں اپنی بالیدگی' تربیت اور نشو و نما کے لیے اپنی ماؤں کی محتاج رہی ہیں۔ بچوں کی تربیت اور ان کی مناسب انداز میں اٹھان اتنا بڑا کام ہے اور اس کے لیے اتنی توجہ' صبر' محبت اور محنت کی ضرورت ہوتی ہے کہ جو مرد کے بس سے باہر کی بات ہے۔ یہ صرف خواتین ہی سمجھ سکتی ہیں کہ اس عظیم کام میں انہیں کتنی صعوبت اٹھانی پڑتی ہے' کن کن جذباتی کیفیتوں سے گزرنا پڑتا ہے' کس طرح راتوں کو جاگنا پڑتا ہے اور دنوں میں تربیت کی مشقت برداشت کرنا پڑتی ہے۔ قوم کی تعمیر کے ان مرحلوں میں عورت کو ذہانت و دوراندیشی بھی درکار ہوتی ہے' انسانیت کے اعلیٰ اصولوں سے واقفیت بھی اور زندگی کی اعلیٰ قدروں سے شناسائی بھی' مذہبی تعلیمات سے بھی آشنا ہونا پڑتا ہے اور دنیا کے بدلتے رجحانات سے بھی...... اور پھر اس طرح اپنے ماضی' حال اور مستقبل سے جڑی ہماری نئی نسل اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے تیار ہوتی ہے۔ اسی بنا پر ایک عورت اپنے ہر رشتے کے اعتبار سے مقدس و محترم ہوتی ہے چاہے وہ ایک ماں' نانی' دادی' بہن' بیٹی' خالہ اور پھوپھی کے روپ میں ہو یا ساس' بہو اور بیوی کے روپ میں۔

عورت کی شخصیت کے ایسے تمام پہلو جن میں اس کی ذہانت' شجاعت' تقویٰ' پرہیزگاری اور بہادری ظاہر ہوتی ہو' اس کتاب کی زینت ہیں۔ پیش کردہ تمام واقعات دلچسپ اور سچے ہیں لیکن میری درخواست ہے کہ ان کو جرح و تعدیل کے معیار پر نہ پرکھا جائے بلکہ ان کے پس پردہ موجود حکمتوں اور نصیحتوں پر توجہ مرکوز رکھی جائے۔

میں اس ضمن میں اپنی اہلیہ کی بھرپور مدد کا شکر گزار ہوں' انہوں نے کتاب کی خوبصورتی' ترتیب اور واقعات کے انتخاب میں جس طرح قدم قدم پر میرا ساتھ دیا ہے اور کتاب کو جلد منظر عام پر لانے کے لیے جو کوششیں صرف کی ہیں' میں ان کا معترف ہوں۔ کتاب کی تالیف کے سلسلے میں ہر ہر مرحلے پر ان کے مشورے' ان کی دلچسپی' ان کا اشتیاق اور ان کی عرق ریزی کتاب کے ہر ہر صفحے سے نمایاں ہے۔